7840- سود ختم کرنے کے لیے بنک کو ادائیگی میں ٹال مٹول سے کام لینا

سوال

سود پر قرض حاصل کردہ قرض میں سے اگر سات برس تک کچھ بھی ادا نہ کیا جائے تو قرض (یعنی بنک کا نظام ہے کہ اسے مایوس قرضوں میں شامل کرتے ہوئے) کی واپسی کا مطالبہ ترک کردیا جاتا ہے ، اور اگر اب اس کی ادائیگی شروع کردی جائے تو وہ سود کا مطالبہ بھی کرینگے ، لیکن اگر سات برس تک انتظار کرے تو وہ اس قرض پر سود کے مطالبہ کو ترک کرتے ہوئے صرف اصل مال کا مطالبہ ہی کرینگے ، تو کیا کسی شخص کے لیے ایسا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

مندرجہ بالا سوال
فضیلۃ الشیخ جناب محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا گیا تو ان
کا جواب تھا :

اگر سات برس تک اس کی ادائیگی میں ان
کے ساتھ ٹال مٹول سے کام لیتا رہے ، کہ وہ اس سے صرف اصل مال ہی واپس لیں گے تو ایسا
کرنے میں کوئی حرج نہیں .